**KATHY HOCHUL** *گورنر* فوری ریلیز کے لیے: 2023/29/3

**گورنر HOCHUL، اکثریتی رہنما SCHUMER، اور سینیٹر GILLIBRAND نے اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک کو براڈ بینڈ انفراسٹرکچر میں وسعت لانے اور پوری ایمپائر سٹیٹ میں 100,000 پسماندہ خاندانوں اور گھروں کو اعلی معیار والا انٹرنیٹ فراہم کرنے کے لئے وفاقی فنڈنگ میں سے 100$ دیے جائیں گے**

***یہ فنڈنگ American Rescue Plan کے 10$ بلین والے کیپٹل پروجیکٹس فنڈ سے آ رہی ہے اور اس کا مقصد دیہی اور شہری برادریوں میں ان پسماندہ برادریوں کو تیز رفتار اور سستا انٹرنیٹ فراہم کرنا ہے جن کے پاس ایسی اہم ترین سروسز دستیاب نہیں ہیں۔***

***Hochul, Schumer, Gillibrand: American Rescue Plan سے نیویارک میں ڈیجیٹل تفاوت کو ختم کرنے کی کوششوں میں بڑا سہارا ملا ہے***

گورنر Kathy Hochul، امریکی سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles E. Schumer، اور امریکی سینیٹر Kirsten Gillibrand نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیویارک کو امریکی محکمہ خزانہ کی جانب سے تیز رفتار انٹرنیٹ وسعت لانے کے لئے American Rescue Plan کے ذریعے وفاقی فنڈنگ میں سے 100$ ملین ڈالر ملیں گے۔ یہ ملک میں گھروں کو کم لاگت کے ساتھ کنیکٹ کرنے کے لئے سب سے بڑی ہدفی سرمایہ کاری ہے۔ نیویارک کا تخمینہ ہے کہ اس فنڈنگ سے وہ پوری ریاست میں 100,000 گھروں اور خاندانوں کو سستے، تیز رفتار انٹرنیٹ سے جوڑ سکیں گے۔

"سستی، قابل اعتماد براڈ بینڈ رسائی نیویارک کے شہریوں کو کام، تعلیم اور سرکاری سروسز سے جوڑنے کے لئے لازمی ہے، لیکن یہ ابھی تک بہت سے خاندانوں کی پہنچ سے باہر ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔**"نیویارک کے ہزاروں کرایہ داروں کے لئے تیز رفتار انٹرنیٹ کا تالا کھولنے والی یہ اہم فنڈنگ ہمارے ConnectALL براڈ بینڈ منصوبے کی کامیابیوں میں مزید اضافہ کرے گی اور ساتھ ہی اس کے ذریعے زیادہ سستے مکانات کی تعمیر اور تحفظ والے ہمارے پانچ سالہ منصوبے کے اہداف کو بھی معاونت ملے گی۔ بائیڈن انتظامیہ اور نیویارک کی سینیٹ اور کانگریس کے وفود کا شکریہ جن کی کوششوں کی بناء پر نیویارک کی ڈیجیٹل تفاوت ختم کرنے اور سب کے لئے براڈ بینڈ کی فراہمی والی قائدانہ قومی اپچ جاری رہے گی۔"

**سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا،** "میں نے American Rescue Planمیں جو 100$ ملین کی وفاقی فنڈنگ حاصل کی تھی وہ اب پوری ریاست نیویارک میں 100,000 سے زیادہ خاندانوں اور گھروں کے لئے اعلی معیار والے انٹرنیٹ تک رسائی دینے کی راہ پر چل پڑی ہے۔ وبا سے بہت پہلے سے، دیہی آبادیوں سے لے کر شہر کے مصروف علاقوں تک، ریاست نیویارک بھر کی کمیونٹیز کو سستی اور تیز رفتار انٹرنیٹ سروس حاصل کرنے کے لئے بہت کوششیں کرنی پڑتی تھیں۔ یہ وفاقی ڈالرز براہ راست ڈیجیٹل تفاوت کو ختم کرنے کی طرف جائیں گے، جس کا مطلب یہ ہوگا کہ برادریوں کو اچھی تنخواہ والی ملازمتیں ملیں گی، انکی صحت کی دیکھ بھال بہتر طور پر ہوگی، اور ہمارے اسکولوں میں اعلی معیار والی تعلیم دی جائے گی۔ مجھے ریاست بھر میں زیادہ مساوی براڈ بینڈ تک رسائی فراہم کرنے اور آج کی ڈیجیٹل معیشت میں نیویارک کے شہریوں کو ترقی کرنے میں مدد دینے کے لئے 100$ ملین ڈالر کی یہ بڑی سرمایہ کاری یہاں ارسال کرنے پر بجا طور پر بہت فخر محسوس ہو رہا ہے۔"

**سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا،** "مجھے وفاقی فنڈنگ میں سے 100$ ملین کی رقم کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے، جو ریاست نیویارک میں ہزاروں خاندانوں کو تیز رفتار انٹرنیٹ فراہم کرنے کے لئے استعمال کی جائے گی۔ وبا کے دوران ہم نے دیکھا کہ کاروبار، صحت کی دیکھ بھال، اسکول اور ان جیسے متعدد دیگر امور کے لئے اعلی معیار کا براڈ بینڈ کتنی اہمیت کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ہم نے American Rescue Plan لکھا تو ہم نے اس میں براڈ بینڈ ڈلیوری کے لیے کافی اچھی مقدار میں فنڈنگ شامل کی، جس سے نئے معاشی مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، جائداد کی قیمتوں میں اضافہ ہو سکتا ہے، اور لوگوں کی زندگی اور صحت پر مثبت اور بہتر اثرات پیدا ہو سکتے ہیں۔ میں اس منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے وائٹ ہاؤس، لیڈر Schumer اور گورنر Hochul کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرجوش ہوں۔"

یہ نئی وفاقی سرمایہ کاری American Rescue Plan کے کیپٹل 10$ بلین ڈالر والے کیپیٹل پروجیکٹس فنڈ (CPF) سے آئی ہے، جو ایک ایسا پروگرام ہے جو خاص طور پر دیہی امریکہ، قبائلی برادریوں، اور کم اور درمیانی آمدنی والی برادریوں کے لئے COVID-19 کی وبا کی وجہ سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ CPF کی ایک اہم ترجیح یہ امر یقینی بنانے میں مدد کے لئے فنڈز کی دستیابی ہے کہ تمام کمیونٹیز کو اعلی معیار والے جدید بنیادی انفراسٹرکچر تک رسائی حاصل ہو جس میں قابل اعتماد، سستا، تیز رفتار براڈ بینڈ بھی شامل ہے جو اہم سروسز تک رسائی پانے کے لئے ایک لازمی چیز ہے۔ نیو یارک کا Affordable Housing Connectivity Program ایک مسابقتی گرانٹ والا پروگرام ہے جو کم آمدنی والے افراد کی رہائشی عمارتوں کے اندر تیز رفتار، قابل اعتماد براڈ بینڈ انفراسٹرکچر کی فنڈنگ کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ CPF فنڈز سستے ہاؤسنگ یونٹس میں انٹرنیٹ تک رسائی کو اپ گریڈ کرنے کے لئے استعمال کیے جائیں گے۔ محکمہ خزانہ کے سامنے پیش کیا جانے والا اور آج منظور ہونے والا یہ منصوبہ Capital Project Funds پروگرام کے تحت ریاست کے لئے مجموعی مختص رقم کا 29 فیصد ہے۔ نیو یارک نے اپنے Capital Project Funds کے بقیہ حصے کے لئے منصوبے جمع کرائے اور ان درخواستوں کا فی الحال محکمہ خزانہ کی جانب سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

آج کی سرمایہ کاری اس Bipartisan Infrastructure & Jobs قانون میں حاصل کردہ تاریخی وفاقی فنڈنگ میں بھی سرفہرست ہے جس میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی توسیع کے لئے ریکارڈ 65$ بلین ڈالر شامل ہیں تاکہ خدمات سے محروم افراد کو کنیکٹ کیا جا سکے، انٹرنیٹ کو سستا کیا جا سکے، اور ڈیجیٹل خواندگی کے لئے وسائل فراہم کیے جا سکیں۔ Bipartisan Infrastructure قانون اور American Rescue Plan ڈیجیٹل تقسیم کو ختم کرنے کے لئے باہم مل کر شانہ بہ شانہ کام کر رہے ہیں - جس سے پسماندہ برادریوں میں تیز رفتار انٹرنیٹ تک رسائی ممکن بن رہی ہے اور ان شہریوں کے لئے اخراجات میں کمی لائی جا رہی ہے جو اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔

یہ فنڈنگ تاریخی وفاقی سرمایہ کاری میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں نیویارک ڈیجیٹل تفاوت کو ختم کرنے میں قوم کی قیادت کر رہا ہے۔ گزشتہ سال، نیویارک نے ایک ملین اہل گھرانوں کا اندراج وفاقی [سستے کنکٹیویٹی پروگرام]() میں کیا، جو کم آمدنی والے گھرانوں تک براڈ بینڈ کی رسائی کو بڑھانے والی ایک ملک گیر سبسڈی ہے۔ Bipartisan Infrastructure قانون کے ذریعے فند کردہ یہ وفاقی پروگرام کم آمدنی والے اہل گھرانوں کے لئے انٹرنیٹ سروس کے لئے ماہانہ 30$ تک کی رعایت فراہم کرتا ہے۔

وفاق کی تاریخی براڈ بینڈ فنڈنگ کے ساتھ شراکت داری میں، گورنر Hochul کے 1.2$ بلین ڈالر والے ConnectALL اقدام نے نقشہ سازی اور اعداد و شمار جمع کرنے میں اہم سرمایہ کاری کی؛ میونسپل اوپن ایکسس انفراسٹرکچر کی معاونت، دیہی براڈ بینڈ پراجیکٹس، اور جدید سروس ڈلیوری پائلٹس کی مدد کے لئے گرانٹ پروگرام کی معاونت کے لئے گرانٹ پروگرامز تشکیل دیے؛ سستی رہائش میں براڈ بینڈ کو اپ گریڈ کیا؛ ڈپلائمنٹ میں ہمواریت لانے اور ریگولیٹری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے اصلاحات قائم کیں؛ اور پوری ریاست پر محیط ڈیجیٹل ایکویٹی پلان اور ڈیجیٹل ایکویٹی گرانٹ پروگرام کی ترقی اور پیشرفت کے لئے کام کیا۔ کانگریس نے Broadband DATA Act منظور کیا تاکہ بہتر طور پر مشاہدہ کیا جا سکے کہ نیویارک میں کہاں شہریوں کے لئے انٹرنیٹ کی کمی ہے۔ گزشتہ سال، ConnectALL کے دفتر نے فیڈرل FCC براڈ بینڈ ڈیٹا میں 31,000 سے زائد ایڈریس فراہم کیے تھے تاکہ نیویارک کی ان کمیونٹیز کی براڈ بینڈ کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے میں مدد مل سکے جنہیں یہ سہولت بالکل حاصل نہیں یا انکی ضرورت کے مطابق حاصل نہیں ہے۔

**Empire State Development کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "قابل اعتماد، قابل رسائی، اور سستا براڈ بینڈ کا دستیاب ہونا ہماری معیشت اور ہمارے معیار زندگی کے لئے لازمی ہے۔ یہ وفاقی فنڈنگ ہمارے ConnectALL پروگرام کا ایک اہم جزو ہے اور یہ نیویارک کے تمام باشندوں کو باہم مربوط کرے گی، خاص طور پر ان برادریوں میں جنہیں تاریخی طور پر نظرانداز کیا جاتا رہا ہے اور وہ پیچھے رہ گئی ہیں۔"

**ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "تیز ترین فائبر انٹرنیٹ جسے ہم میں سے زیادہ تر لوگ اپنا پیدائشی حق سمجھتے ہیں، وہ نیویارک کے بہت سے شہریوں کے لئے ابھی تک دستیاب نہیں ہے؛ اس کی وجہ سے ایک ڈیجیٹل خلا پیدا ہوا ہے اور یہ خلا پُر کرنے میں گورنر کا ConnectALL اقدام اہم کردار ادا کرے گا۔ 100$ ملین کی اس فراخدلانہ وفاقی گرانٹ سے 100,000 اپارٹمنٹس کے لٹرل کنکشنز تیز تر ہو جائیں گے، جس سے تیز، سستا، اور اعلی معیار والا انٹرنیٹ کرایہ داروں تک براہ راست پہنچنے لگے گا۔ اس سے قطع نظر کہ آیا کسی عمارت میں پہلے سے ہی براڈ بینڈ وائرنگ موجود ہے یا نہیں، سستی رہائش کے ان سبھی مالکان سے میری گزارش ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اس کے اہل ہیں کہ وہ ہماری ویب سائٹ پر جا کر دیکھیں کہ آیا وہ مصدقہ، سند یافتہ انٹرنیٹ فراہم کنندگان کی جانب سے فراہم کردہ فائبر ان-یونٹ انسٹالیشنز بلا معاوضہ لے سکتے ہیں یا نہیں۔"

**ریاست نیو یارک کی ایسوسئیشن برائے سستے گھروں کی صدر اور CEO Jolie Milstein نے کہا،** "سستی رہائشگاہوں کی صنعت کو طویل عرصے سے یہ ادراک ہے کہ وہ اس ڈیجیٹل تفاوت کو ختم کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے، اور اس فنڈنگ سے ہمیں اپنا یہ مقصد حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ پوری ریاست میں ان عمارتوں کے خدمات سے محروم وہ کرایہ دار جن کے مالکان ہمارے ممبر ہیں، ان تک براڈ بینڈ پہنچانا NYSAFAH کی ایک اہم ترجیح اور توجہ کا مرکز معاملہ رہا ہے۔ ہم ان اہم وسائل کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہیں اور یہ امر یقینی بنانے کے لئے پُر عزم ہیں کہ ان کی اس سرمایہ کاری سے زیادہ سے زیادہ ضرورت مند نیویارک باسیوں کو رابطے کی سہولیات مل جائیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418